Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ________

Sig. of Candidate: ______________ Sig. of Invigilator: ______________

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

حصہ اوّل (کُل نمبر 15)

وقت: 20 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے بیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر ۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) ہوم اکنامکس کی تعلیم ایک اچھا شہری بننے میں ________ ثابت ہوتی ہے۔
الف۔ غیر معاون ب۔ معاون ج۔ مناسب د۔ غیر مناسب

(ii) ہوم اکنامکس کی تعلیم کا اہم مقصد اور تصور ________ ہے۔
الف۔ گھریلو فلاح و بہبود ب۔ شہریت ج۔ اضافی ضرورت د۔ توازن

(iii) ماحولیاتی تعلیم سے مراد معلومات فراہم کرنا ہے:
الف۔ گھر کے بارے میں ب۔ ماحول کے بارے میں ج۔ ملک کے بارے میں د۔ افراد کے بارے میں

(iv) اپنے آپ کو سمجھنے کے لیے جائزہ لینا بہت ضروری ہے:
الف۔ ماحول کا ب۔ اپنی شخصیت کا ج۔ اپنی صحت کا د۔ اپنے افراد خانہ کا

(v) بچوں کی پیدائش اور پرورش کی وجہ سے ________ کی صحت متاثر ہوتی ہے۔
الف۔ باپ ب۔ ماں ج۔ بہن بھائیوں د۔ بھائیوں

(vi) صارف کا مطلب ہے:
الف۔ بنانے والا ب۔ خرچ کرنے والا ج۔ سمجھنے والا د۔ کام کرنے والا

(vii) ہمارے سب مقاصد ہماری ________ سے ہی بنتے ہیں۔
الف۔ وسائل ب۔ اقدار ج۔ ذرائع د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(viii) گھر وہ جگہ ہے جہاں انسان کو ________ جسمانی اور روحانی آرام ملتا ہے۔
الف۔ دماغی ب۔ ذہنی ج۔ تعلیمی د۔ قلبی

(ix) اچھے فرنیچر کا معیار یہ ہے کہ وہ استعمال کے لحاظ سے ہو:
الف۔ ناموزوں ب۔ آرام دہ اور پائیدار
ج۔ مہنگا اور ڈیزائن کے لحاظ سے پیچیدہ د۔ بہت سستا اور غیر معیاری

(x) ہمارے ملک کی بنی ہوئی اشیاء ہوتی ہیں:
الف۔ مہنگی ب۔ سستی ج۔ نامناسب د۔ ناقص

(xi) محدود وسائل کے بہتر استعمال کے لیے ضروری ہے:
الف۔ منصوبہ بندی ب۔ ٹائم ٹیبل ج۔ بجٹ د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xii) سندھ کی کشیدہ کاری مشہور ہے:
الف۔ اپنی انفرادیت کی وجہ سے ب۔ کڑھائی کی وجہ سے
ج۔ نامناسب ہونے کی وجہ سے د۔ درج شدہ میں سے کوئی نہیں

(xiii) ہوم اکنامکس میں آرٹ سے مراد ہر وہ چیز ہے جو:
الف۔ ناموزوں ہو ب۔ کارآمد اور خوبصورت ہو ج۔ جس میں رنگ مناسب ہو د۔ جو خوبصورت ہو لیکن آرام دہ نہ ہو

(xiv) ہم آہنگی کا مطلب ہے۔
الف۔ مطابقت ب۔ اکتاہٹ ج۔ فوقیت د۔ مناسبت

(xv) ساخت کے لحاظ سے روزمرہ استعمال کی ہر چیز کا ایک ________ ہوتا ہے۔
الف۔ وضع ب۔ ڈیزائن ج۔ جسامت د۔ نمونہ

برائے ممتحن: کُل نمبر: 15 حاصل کردہ نمبر: ______

95

مبادیات ہوم اکنامکس ایس ایس سی-I

(برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:40 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 60

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ حصہ دوم کے بارہ (12) اجزاء اور حصہ سوم میں سے کوئی سے تین (3) سوال حل کریں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر۲: نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے بارہ (12) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں: (12 x 3 = 36)

(i) ہوم اکنامکس کی تعریف کریں۔

(ii) ہر گھرانے کی خوشی اور کامیاب زندگی کا انحصار گھر کے افراد پر ہوتا ہے۔ کیوں؟

(iii) بچوں کی صحت اور نشو و نما کے لیے کیا ضروری ہے؟

(iv) گھریلو انصرام سے کیا مراد ہے؟

(v) فرنیچر میں کیا کیا چیزیں شامل ہیں؟ چھ چیزوں کے نام لکھیں

(vi) اچھے فرنیچر کی دو خوبیاں لکھیں۔

(vii) ہوم اکنامکس میں آرٹ کی تعریف کریں۔

(viii) ہم آہنگی کا مطلب واضح کریں۔

(ix) ڈیزائن کے عناصر کون سے ہیں؟

(x) ڈیزائن کی کتنی اقسام ہیں؟

(xi) گھریلو خوبصورتی اور آرام سے کیا مراد ہے؟

(xii) پاکستان کے کن شہروں کے برتن مشہور ہیں؟ چھ برتنوں کے نام بھی لکھیں۔

(xiii) لوگوں میں ہر دلعزیز بننے کے لیے کن اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے؟

(xiv) استاد کی عزت کرنا کیوں ضروری ہے؟

(xv) تین سے پانچ سال کی عمر کے بچوں کے لیے مناسب کھلونے کون کون سے ہیں؟

(xvi) گھریلو انصرام کے دو اصول تحریر کریں۔

(xvii) وسائل کی اقسام لکھیں۔

(xviii) والدین کے ساتھ خوشگوار تعلقات رکھنے کے لیے کن باتوں پر عمل کرنا ضروری ہے؟

حصہ سوم (کُل نمبر 24)

(کوئی سے تین سوال حل کیجیے۔ تمام سوالوں کے نمبر برابر ہیں۔) (3 x 8 = 24)

سوال نمبر۳: لڑکیوں کے لیے ہوم اکنامکس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۴: فرنیچر خریدتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟

سوال نمبر۵: آرٹ کے بنیادی اصول کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر۶: اپنے آپ کو اور دوسرے لوگوں کو سمجھنا کیوں ضروری ہے؟